7

برسات

4331CH07

وہ دیکھو اٹھی کالی کالی گھٹا
ہے چاروں طرف چھانے والی گھٹا
گھٹا کے جو آنے کی آہٹ ہوئی
ہوا میں بھی اک سنسناہٹ ہوئی
گھٹا آن کر مینہ جو برسا گئی
تو بے جان مٹی میں جان آ گئی
زمیں سبزے سے لہلہانے لگی
کسانوں کی محنت ٹھکانے لگی

© NCERT not to be republished

جڑی بوٹیاں پیڑ آئے نکل
عجب بیل پتے ، عجب پھول پھل
ہر اک پیڑ کا اک نیا ڈھنگ ہے
ہر اک پھول کا اک نیا رنگ ہے
یہ دو دن میں کیا ماجرا ہو گیا
کہ جنگل کا جنگل ہرا ہو گیا
جہاں کل تھا میدان چٹیل پڑا
وہاں آج ہے گھاس کا بن پڑا
ہزاروں پھدکنے لگے جانور
نکل آئے گویا کہ مٹی کے پر

(اسمٰعیل میرٹھی)

© NCERT not to be republished

مشق

پڑھیے اور سمجھیے



مینہ	بارش
لہلہانا	ڈالیوں کا ہوا سے ہلنا
ماجرا	واقعہ، قصہ
سنسناہٹ	ہوا کے چلنے کی آواز
چٹیل	بنجر
بَن	جنگل
پَر	پنکھ
گویا	جیسا کہ
ٹھکانے لگنا	نتیجے تک پہنچنا، کامیاب ہونا

سوچیے اور بتایئے

1. گھٹا کے آنے کا پتا کیسے چلتا ہے؟

© NCERT not to be republished

.2 برسات سے کسان کی محنت کیسے ٹھکانے لگتی ہے؟

....

.3 بے جان مٹی میں جان کب آتی ہے؟

....

.4 ”ہر اک پیڑ کا ایک نیا ڈھنگ ہے“ سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

....

.5 برسات کے بعد جنگل کا حال کیسا ہو جاتا ہے؟

....

.6 مٹّی کے پر نکلنے کا کیا مطلب ہے؟

....

نیچے دیے ہوئے لفظوں کے متضاد لکھیے

لفظ	کالا	پھول	نیا	آج	دن
متضاد					

© NCERT not to be republished

نیچے دیے گئے مصرعوں کو ترتیب سے لکھیے

ہر اک پھول کا اک نیا رنگ ہے ....
کسانوں کی محنت ٹھکانے لگی ....
زمیں سبزے سے لہلہانے لگی ....
ہے چاروں طرف چھانے والی گھٹا ....
یہ دو دن میں کیا ماجرا ہو گیا ....
ہر اک پیڑ کا اک نیا ڈھنگ ہے ....
وہ دیکھو اٹھی کالی کالی گھٹا ....
کہ جنگل کا جنگل ہرا ہو گیا ....

بے جوڑ الفاظ پر دائرہ ○ بنائیے

شبنم	دھوپ	برسات	مینہ
پتھر	ناک	کان	آنکھ
سورج	آسمان	چاند	مکان
اسکول	آنکھ	کاغذ	قلم
شیر	کتاب	درخت	جنگل

© NCERT not to be republished

نیچے دیے گئے لفظوں کو جملوں میں استعمال کیجیے

جملہ	لفظ
✍	رنگ
✍	جنگل
✍	گھاس
✍	سبز
✍	پھول

خالی جگہوں میں مناسب لفظ لکھیے

1. کسانوں کی .... ٹھکانے لگی (برکت/محنت)
2. نکل آئے گویا کہ مٹی کے .... (پر/در)
3. یہ دو دن میں کیا .... ہو گیا (ماجرا/قصہ)
4. کہ جنگل کا جنگل .... ہو گیا (بھرا/ہرا)
5. وہاں آج ہے گھاس کا .... پڑا (بن/دھن)
6. ہر ایک پھول کا اک نیا .... ہے (رنگ/ڈھنگ)

© NCERT not to be republished

نیچے دیے گئے واحد کی جمع لکھیے

واحد	جمع
پھول	....
ہزار	....
جنگل	....
جانور	....
کسان	....

پہیلی

ایک ٹانگ کی کالی ہوتی
جاڑے میں وہ ہر دم سوتی
گرمی میں وہ چھایا دیتی

اساتذہ کے لیے ہدایات

- طلبا سے نظم کی تصویروں پر گفتگو کروائی جاسکتی ہے۔
- موسموں پر بات چیت کر کے پسندیدہ موسم پر لکھوایا جاسکتا ہے۔
- بارش کے موسم میں باہر نکلتے وقت کیا کیا احتیاط برتنی چاہیے، اس پر بات چیت کر کے چند جملے لکھوائے جاسکتے ہیں۔

© NCERT not to be republished